| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی بائیسواں ہفتہ | موضوع: | جانوروں کے نام | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ جانوروں کی پہچان کرسکیں اور ان کے نام پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر بھ اور ا، و، ی، ے کے الفاظ لکھے جائیں گے اور بچوں کو کہا جائے گا کہ ان کے توڑ کریں۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ جانوروں کی پہچان کرنے پر اور ان کے نام پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم جانوروں کے ناموں کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں سے پوچھیں کہ ہمیں جانور زیادہ تر کہاں نظر آتے ہیں؟۔ بچوں سے پوچھیں کس کس نے چڑیا گھر کی سیر کی ہے؟ ۔اُن سے پوچھیں کہ انہوں نے وہاں کون سے جانور دیکھے؟۔ پھر بچوں کو مختلف جانوروں کے فلیش کارڈز دکھائیں اور اُن کے نام پوچھیں اور بتائیں۔ بچوں کو بتائیے کہ ہمیں جانوروں کا خیال رکھنا چاہیے اُن کو تنگ نہیں کرنا چاہیے۔ تختہ سفید سیاہ پر کتاب میں دیئے گئے جانوروں کے نام لکھیں اور اُن کی بلند خوانی کروائیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو جانوروں کو تصویروں اور ناموں کے فلیش کارڈز دو ٹوکریوں میں رکھیں بچوں کو کہیے ایک جانور کی تصویر کا فلیش کارڈ نکال کر ناموں والے فلیش کارڈز میں سے اُس کا نام ڈھونڈیں۔ یہ سرگرمی باری باری سب بچوں سے کروائیے بچوں کو ساتھ میں Salt Tray دیں جس پر وہ نکالے گئے فلیش کارڈ سے نام دیکھ کر لکھنے کی مشق کریں گے۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 20 کھولنے کو کہیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ جانوروں کی تصویر دیکھیں اور نام کا پہلا حرف لکھیں۔ کام کے دوران بچوں کی نگرانی کریں اور جہاں ضرورت ہو رہنمائی کریں۔ | 20 منٹ | ٹوکریاں الفاظ فلیش کارڈز<br>تصاویر فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 20 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید سیاہ پر جانوروں کے نام لکھنے کی مشق کروائیے۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں چسپاں تصاویر کے ناموں کا پہلا حرف لکھیں۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی بائیسواں ہفتہ | موضوع: | جانوروں کے نام | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ جانوروں کے نام پہچان سکیں۔ ان کے نام لکھ اور پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو زیبرا، مور، زرافہ، بندر اور سانپ کی تصاویر دکھا کر ان جانوروں کے نام پوچھے جائیں گے اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 3 منٹ | جانوروں کی تصاویر فلیش کارڈ اور الفاظ فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جانوروں کی پہچان کرنے۔ ان کے ناموں کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ایک نظم پڑھیں گے۔ کتاب صفحہ 69 پر لکھی نظم معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھے گی اور بلند خوانی کرے گی۔ بچوں کو بھی نظم پڑھنے کو کہا جائے گا۔ معلمہ بچوں سے سوالات کرے گی۔ اس نظم میں کتنے جانوروں کے نام ہیں؟ گانا کون گاتا ہے؟ شور کون مچاتا ہے؟ ہاتھی، شیر، مور، اونٹ، بندر بھالو کی تصاویر دکھا کر نام دہرائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو جانوروں کے ناموں کے الفاظ فلیش کارڈ دیے جائیں گے۔ ایک بچے کو ایک کارڈ۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر توڑ لکھے گی اور بچوں سے کہے گی کہ جس کے پاس اس کا جوڑ فلیش کارڈ ہے وہ کھڑا ہو کر چھلانگ لگائے اور پڑھ کر سنائے۔ (بلی، کتا، شیر، بندر، بھالو، بھیڑیا، اونٹ، زرافہ، سانپ، شیر، چیتا، زیبرا، ہاتھی، گھوڑا، گدھا) | 20 منٹ | کتاب صفحہ 69،70 | |
| | **اختتامیہ:**<br>جانوروں کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 69 کی پڑھائی کیجیے اور جانوروں کے ناموں کے گرد دائرہ بنائیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی بائیسواں ہفتہ | موضوع: | جانوروں کے نام | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ ہندسی اور لفظی گنتی ا تا پانچ کی دہرائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو جانوروں کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم ا تا پانچ لفظی اور ا تا پانچ ہندسی گنتی تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر بلند خوانی کروائے گی۔ پھر لفظی گنتی ایک تا پانچ سفید/ سیاہ بورڈ پر لکھ کر پڑھائے گی اور بچوں سے پڑھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو مختلف اشیاء پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کر ان کو گننے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو دے کر ایک تا پانچ ہندسی اور لفظی گنتی بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 5 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کو گن کر ہندسوں اور لفظوں میں گنتی لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>ایک تا پانچ لفظی گنتی بورڈ پر لکھوائی جائے گی۔ | 3 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ<br>5<br>گنتی اشیاء اور<br>الفاظ فلیش کارڈ<br>پی پی ٹی | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا لفظی اور ہندسی گنتی کی لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی بائیسواں ہفتہ | موضوع: | جانوروں کے نام | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ چھ تا دس لفظی اور ہندسی گنتی پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مختلف اشیاء دکھا کر ان کی گنتی کروائی جائے گی۔ | 3منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا لفظی اور ہندسی گنتی کی لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم چھ تا دس لفظی اور ہندسی گنتی سیکھیں گے۔ معلمہ چھ ستارے، سات پھول، آٹھ تتلیاں، نو پینسلیں اور دس گیندیں دیں۔ تختہ سفید/ سیاہ پر بنائیں گی اور بچوں سے ان کی گنتی کرنے کو کہا جائے گا۔ معلمہ پہلے ان تصاویر کے ساتھ ہندسی گنتی 4 تا 10 لکھنا بتائے گی۔ ہندسی گنتی کے بعد چھ تا دس لفظی گنتی لکھنا بتائے گی۔ | 10منٹ | ایک تا دس ہندسی اور لفظی گنتی<br>فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ ایک گروپ کو ہندسی گنتی 1 تا 10 دی جائے گی۔ دوسرے گروپ کو لفظی گنتی ایک تا دس دی جائے گی۔ معلمہ ایک عدد بولے گی اور دونوں گروپ اس عدد کا فلیش کارڈ دکھائیں گے۔ جو ٹیم جلدی جلدی کارڈ دکھائے گی وہ جیت جائے گی۔<br>بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ کاپی پر چھ تا دس گنتی لکھوائیے۔ معلمہ بورڈ پر چھ تا دس گنتی لکھے گی۔ | 20منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>پی پی ٹی پر اشیاء دکھا کر ان کو گننے کو کہا جائے گا۔ | | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 59 کیجیے۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی بائیسواں ہفتہ | موضوع: | جانوروں کے نام | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ چھ تا دس لفظی اور ہندسی گنتی پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>**اتا10 ہندسی گنتی کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔** | 3منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا لفظی اور ہندسی گنتی کی لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ایک تا دس لفظی گنتی اور ہندسی گنتی کی دہرائی کریں گے۔معلمہ تختہ سفید پر ایک تا دس لفظی گنتی لکھے گی۔لفظی گنتی کی پڑھائی کروائے گی اور توڑ بتائے جائیں گے۔اس کے بعد لفظی گنتی کے سامنے ہندسی گنتی کے فلیش کارڈ چسپاں کیے جائیں گے۔ | 10منٹ | ہندسی اور لفظی گنتی فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چھوٹے سفید بورڈ اور مارکر دیے جائیں گے۔معلمہ بورڈ پر ایک تا دس لفظی گنتی میں سے کوئی عدد لکھے گی۔بچے اس کے مطابق تصاویر بنائیں گے۔مثال کے طور پر چھ بچے اپنی مرضی سے کوئی سے چیز چھ بنا سکتے ہیں۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 81 کھولنے کو کہا جائے گا اعداد اور الفاظ کو آپس میں ملانے کو کہا جائے گا۔اشیاء کو گننے اور لفظوں اور ہندسوں میں گنتی لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | سفید بورڈ مارکر<br><br>کتاب صفحہ 81،60 | |
| | **اختتامیہ:**<br>اتا10 ہندسی گنتی ہوا میں لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5منٹ | | |